شری کے - وی رام راؤ - مسٹر اسپیکر سر - یہ جو راج پرمکھ کا اڈریس ہے اس کو ہم " اسپیچ فرام دی تھرون " (Speech from the throne) کا درجہ دے سکتے ہیں - گو ٹریزری بنچس اور چیف منسٹر کی جانب سے اس کی تردید کرنے کی کوشش کیجاتی رہی کہ راج پرمکھ کے اڈریس میں نئی پالیسیز کے اظہار کرنے کی ضرورت نہیں ہے - یعنی اوسکو تختہ کارگزاری کے طور پر پیش کرنا کافی ہے - اس طریقہ سے شد و مد کے ساتھ تردید کیجاتی رہی ہے - لیکن یہ صحیح نہیں ہے - دستور میں ہر سال کے شروع میں راج پرمکھ یا گورنر کا اڈریس ہونے کے لئے جو پرووپزن رکھا گیا ہے وہ مبنی ہے انگلش کانسٹی ٹیوشنل لا (English Constitutional Law) کے پرنسپل (Principle) پر - جب ہم اوس کو اڈاپٹ (Adopt) کرتے ہیں تو پھر اس چیز کو ترک کرنے کی کوشش کیوں کیجاتی ہے کہ نئی پالیسیز کے اظہار کرنے کی ضرورت نہیں - یہ کسی طرح سے ٹھیک نہیں ہوسکتا - اس سلسلہ میں تختہ کارگزاری کے طور پر جو راج پرمکھ کا اڈریس پیش کیا گیا ہے وہ غلط ہے - میں یہ نہیں کہتا کہ تختہ کارگزاری کے طور پر راج پرمکھ کے منہ سے وہ الفاظ نہ کہلوائے جائیں - لیکن آئندہ ایک سال میں آپ کیا کیا کرنے والے ہیں - کیا ٹارگٹ (Target) مقرر کرنے والے ہیں کسانوں - مزدوروں - متوسط طبقہ کے لوگوں وغیرہ کی مختلف ضروریات کی تکمیل کے سلسلہ میں آپ کیا پالیسی اڈاپٹ کرنے والے ہیں - کیا رعایتیں آپ اون لوگوں کو دینے والے ہیں ان تمام چیزوں کے بارے میں نہیں تو کم از کم بعض چیزوں کا اظہار تو مشکل کام نہیں ہے - میں یہ بھی نہیں کہتا کہ یہ تمام ڈیٹیلس (Details) راج پرمکھ کے اڈریس میں بھردیے جائیں - لیکن کم از کم آپ کس منزل پر پہنچنا چاہتے ہیں آپ کا سفر کسطرف ہے اس کا اظہار تو کیا جاسکتا تھا - آج ہم جب راج پرمکھ کے اڈریس کی جانب اس نقطہ نظر سے غور کرتے ہیں تو ہمیں مایوسی ہوتی ہے - آج باہر کی دنیا میں جو حالات پیدا اور جو اہم چیزیں وقوع پذیر ہورہی ہیں اور عوام کے سامنے آرہی ہیں اس سلسلہ میں ہماری حکومت کیا پالیسی اختیار کریگی لوگ جاننا چاہتے ہیں - نئے سال کے شروع میں (راج پرمکھ کے کہنے کا مطلب حکومت کیا کہنا چاہتی ہے) حکومت کی کیا پالیسی ہے معلوم ہونا چاہئے - آج باہر کی دنیا میں کیا ہورہا ہے اس کی راج پرمکھ کو خبر نہیں ہے - مثال کے طور پر میں کہونگا کہ ہائی پاور کمیشن (High Power Commission) ری آرگنائزیشن آف اسٹیٹس (Reorganisation of States) کے لئے قائم ہوا ہے - اس سلسلہ میں خصوصاً آج جو حالات حیدر آباد میں ہیں اور بھاشا واری ریاستوں کے قیام کا مسئلہ جو سدرن انڈیا (Southern India) کا مسئلہ بنا ہوا ہے اوس کے متعلق ہماری حکومت کیا کرنا چاہتی ہے - آج حیدرآباد تین قوموں مہاراشٹرا - آندھرا اور کرناٹک کا قید خانہ بنا ہوا ہے - اوس پر داروغہ جی کی حیثیت سے حضور نظام بیٹھے ہوئے

ہیں ۔ اس سلسلہ میں حکومت کی کیا پالیسی ہے ۔ حکومت کیا سوچ رہی ہے ۔ ہم جاننا چاہتے ہیں ۔ ہم ہی نہیں بلکہ باہر کی دنیا بھی جاننا چاہتی ہے ۔

اپوزیشن سے تعلق رکھنے کے ناتے عوام کی جو خواہشات ہیں اور انکی جو ضروریات ہیں انکو ایوان کے سامنے لانے کا ہمارا جو حق ہے اوسکے پیش نظر ہم یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ آخر وہ کونسی مجبوری تھی جسکی وجہ سے آپ نے ان امور کی وضاحت نہیں کی ۔ ان امور کی وضاحت کرنے سے آخر راج پرمکھ کیوں ہچکچاتے ہیں ۔ اسکے سوائے کوئی جواب نہیں ہوسکتا کہ حکومت کی پالیسی ڈل مل ہے کم سے کم اتنا کہا جاسکتا تھا کہ اسٹیٹس کے ری آرگنائیزیشن کیلئے ہائی پاور کمیشن (High Power Commission) قائم کیا گیا ہے ۔ ہم اسطرح کی تیاریاں کررہے ہیں ۔ بمبئی اور آندھرا اسٹیٹ میں اس قسم کی تیاریاں ہورہی ہیں ۔ لیکن حیدرآباد کی حکومت اور راج پرمکھ صاحب کو یہ بھی معلوم نہیں ہے کہ کوئی کمیشن قائم ہوا ہے اور حکومت کو کیا کام کرنا ہے ۔ اسکے ساتھ ساتھ ایک اور بھی مسئلہ ہے ۔ لوگ یہ بھی جاننا چاہتے ہیں کہ ہر چیز کے سلسلہ میں پانچ سالہ منصوبہ کا ذکر کیا جاتا ہے ۔ ہر مرض کی دوا کے طور پر اسکو پیش کیا جاتا ہے ۔ میرے بعض دوست اسکو زندہ طلسمات کہتے ہیں جو ہر مرض کی دوا ہے ۔ مگرہم یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ اس منصوبہ کو آگے بڑھانے کیلئے آپکی فینانشیل پالیسی (Financial Policy) کیا ہے ۔ دوسرے جتنے محکمے ہیں نیشن بلڈنگ (Nation building) اور نان نیشن بلڈنگ (Non-Nation-building) کے انکے بارے میں حکومت کی پالیسی کیا ہے یہ چیزیں بھی سامنے آنی چاہئیں ۔ ہمیں گزشتہ سال کا تجربہ ہے کہ فائیو ایر پلان کے سلسلہ میں آپکی فینانشیل پالیسی جو ہے وہ اس منصوبہ کو آگے بڑھانے کی نہیں ہے ۔ ریوینیو میں سے بچا کر نیشن بلڈنگ پر خرچ کیا جانا چاہئے ۔ ہمارے حالات کیا ہیں ؟ ریوینیو میں کچھ بچت نہیں ہوتی ہے ۔ ایسی صورت میں صرف یہ ہوسکتا ہے کہ یا تو نیا قرضہ لیں یا سنٹرل گورنمنٹ کی طرف ہاتھ پھیلائیں یا بھودان شرمدان سمپتی دان وغیرہ اس قسم کی چیزوں کی طرف جائیں ۔ میں کہونگا کہ آپکا اس قسم کا اپروچ (Approach) ٹھیک نہیں ہے ۔ اریگیشن (Irrigation) کا چھوٹاموٹا پروگرام جو دیا گیا ہے وہ قابل خوشی آمدید ہے ۔ لیکن تنگبھدرا پراجکٹ جو نظام کے زمانے میں شروع ہوا تھا آپ اوسی کو چلارہے ہیں اوسی کو اب تک پورا نہیں کرسکے ہیں ۔ تین سال ختم ہوگئے ہیں اب تک تنگبھدرا پراجکٹ کا کام پورا نہیں ہوا ہے ۔ معلوم نہیں کہ یہ کام کب ختم ہوگا ۔ خدا جانے ہم ٹارگٹ تک پہنچ سکتے ہیں یا نہیں ۔ اسکا پتہ نہیں ہے ۔ معلوم تو ایسا ہوتا ہے کہ پانچ سال کے ختم پر بھی تنگبھدرا پراجکٹ کا کام ختم نہیں ہوگا ۔ اور وہ ہائیڈروالکٹرک اسکیم بھی پانچ سال میں مکمل ہوگی یا نہیں بتایا نہیں جا سکتا ۔ ان تمام حالات سے ہمارے دل میں جو شبہات پیدا ہوتے ہیں وہ حق بجانب ہیں یا نہیں ۔ آپ خود سوچئے کہ یہ بنڈی اسطرح جو چل رہی ہے اس سست رفتار کے ساتھ تو ہم منزل پر کب پہنچینگے ۔ فائیو ایر پلان میں نندی کنڈہ پراجکٹ شامل نہیں ہے

لیکن آندھرا اور اس ریاست کے درمیان ایک اھم مسئلہ بنا ہوا ہے ۔ اس سلسلہ میں حکومت کیا کرنے والی ہے وہ بھی نہیں بتایا گیا ۔ البتہ اس سلسلہ میں اخبارات میں کچھ خبریں آئی ہیں کہ آندھرا اور حیدرآباد اسٹیٹ کے درمیان خط و کتابت چل رہی ہے لیکن اس سلسلہ میں کیا کرنے والے ہیں اپنے اڈریس میں راج پرمکھ نے کچھ نہیں بتایا ۔ کہا جاسکتا تھا کہ نندی کنڈہ پراجکٹ کے سلسلہ میں ہم اسقدر آگے بڑھے ہیں ۔ ہمیں معلوم ہونا چاہئے تھا کہ آخر کس حد تک آپکے قدم آگے بڑھے ہیں ۔ لوگ جاننا چاہتے ہیں ۔ فینانشیل نقطہ نظر سے بھی یہ چیز غور طلب ہے ۔ جہاں تک جاگیرداروں کے معاوضہ کا سوال ہے معلوم ہوا کہ ۲۵ لاکھ کی حد تک نظام صاحب فورگو (Forego) کرنے کیلئے تیار ہیں ۔ اگر ایسا ہے تو اس چیز کے اظہار میں کونسا امر مانع تھا ۔ اسطرح سے فیوڈل برڈن (Feudal burden) جو ہے اسکو کیوں دور نہیں کیا جاتا ؟ اس کے علاوہ لوگ یہ بھی جاننا چاہتے ہیں کہ نئے سال کے تعلق سے کیا کیا منصوبے ہیں جنکو حکومت روبہ عمل لانا چاہتی ہے ۔ یہ بتایا گیا کہ نئے ٹکسس عائد کرنا چاہتے ہیں ۔ ہم اپنی پالیسی کے لحاظ سے کہہ سکتے ہیں کہ ٹکسس کے ہم خلاف نہیں ہیں لیکن ہمارا مطالبہ یہ ہے کہ جن لوگوں پر ٹکسس عائد کئے جاتے ہیں انکو سہولتیں بھی فراہم کرنا چاہئے ۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ حکومت کا بہت سا پیسہ ناجائز کاموں اور غیرضروری مصارف پر خرچ کیا جاتا ہے ۔ قومی تعمیری کاموں کے سلسلہ میں بہت کم پیسہ خرچ کیا جاتا ہے ۔ اسکے برخلاف غیرقومی تعمیر پر زیادہ روپیہ خرچ کیا جاتا ہے ۔ آپ ان امور کے متعلق کیوں وضاحت نہیں کرتے ۔ ٹاپ ہیوی اڈمنسٹریشن (Top heavy administration) اب تک باقی ہے ۔ تنخواہوں کے نام سے کروڑوں روپیہ خرچ کیا جاتا ہے ۔ ان تمام اخراجات کو جو فضول ہیں باقی رکھتے ہوئے آپ لوگوں پر ٹکس کا بار عائد کرنا چاہتے ہیں ۔ اسکے لئے عوام کیسے تیار ہونگے ۔ ان تمام امور کے بارے میں اڈریس میں کوئی وضاحت نہیں کیگئی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان باتوں سے راج پرمکھ واقف ھی نہیں ہیں ۔ تختہ جات پیش کئے گئے ہیں لیکن صرف اپنی کارگزاری کے تختہ جات پیش کئے گئے ہیں ۔ کہا گیا ہے کہ جاگیری مواضعات کا اسسمنٹ دیوانی کے مماثل کیا جارہا ہے ۔ اب تک صرف ۳۱ سو مواضعات میں کام کیا گیا ہے وہ بھی پورا نہیں کیا گیا ۔ صرف ۲۰ فیصدی دھارہ جات کو کم کیا گیا ہے اور وہ بھی چھٹویں حصہ کا نہیں ہوا ۔ یہ کام تین سال میں آپ نے کیا ہے ۔ کتنی سست رفتار سے کام ہورہا ہے ۔ بہت سی جگہ حد سے زیادہ دھارہ ہے ۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ آزادی مل چکی ہے، جاگیرداری نظام ختم ہوچکا ہے لیکن اون پر جو بوجھ جاگیرداری نظام کے زمانے سے چلا آرہا ہے وہ اب تک باقی ہے ۔ وہ سنگین دھارے اب تک باقی ہیں ۔ بعض جگہ بندوبست ہوا ہے لیکن سناؤنی اب تک نہیں ہوئی ہے ۔ سناؤنی کے لئے آرڈر دیا جاتا تو اب تک ہوسکتا تھا لیکن افسوس کہ معمولی چیزوں کی عمل آوری نہیں ہورہی ہے ۔ رڈٹیپزم (Red tapism) کا بھوت سوار ہے ۔ یہ تمام چیزیں نہایت غیر تشفی بخش ہیں ۔ پولس کے بارے میں حکومت سے کہتے ہیں تو وہ کہتی ہے کہ ہمیشہ پولس کے بارے میں ہم اعتراضات کرتے ہیں لیکن دوسرے اسٹیٹس کا

بمقابلہ حیدرآباد سے کریں تو معلوم ہوجائیگا کہ قومی تعمیری کاموں پر کتنا خرچ دوسرے اسٹیٹس میں ہوتا ہے اور کتنا حیدرآباد اسٹیٹ میں۔ یہاں حالت یہ ہے کہ ہردو میل پر ایک پولس کا نسٹبل ہے ۔ یہاں کے ۸۲ ہزار مربع میل رقبہ کو تقسیم کریں تو معلوم ہوگا کہ ہر دو میل پر ایک پولس کا نسٹیبل ہے ۔ ہمارا مطالبہ حکومت سے نہایت واجبی ہے کہ ہردو میل پر ایک کانسٹیبل کی بجائے ایک مدرس کو رکھا جائے ۔ یہ کیوں نہیں کیا جاتا ؟ کہا جاتا ہے کہ پیسہ نہیں ہے لیکن پولس کے لئے پیسہ ہے۔ جب ہم ایسا سوال کرتے ہیں تو آپ کو برا معلوم ہوتا ہے ۔ یہ بھی کہا گیا کہ پولس میں ری آرگنا ئیزیشن (Reorganisation) کررہے ہیں ۔ لیکن کیا ری آرگنائیزیشن کررہے ہیں وہ ظاہر نہیں کیا گیا ۔ کیا پولس میں کمی کررہے ہیں ؟ آج ہی آنریبل ہوم منسٹر صاحب نے کہا کہ تین بٹالین جوں کے توں رکھے جارہے ہیں ۔ یہ جو پولس ایکشن سے پہلے کی لمٹ ہے اعلحضرت بندگان عالی کے زمانے کی جولمٹ ہے اوس سے بڑھکر جانے کے لئے پاپولر گورنمنٹ کو کیا حق ہے اور اس سلسلہ میں کونسا امر مانع ہے ؟

دستی صنعتوں کے سلسلے میں یہ سمجھا جارہا ہے کہ ایک کمیٹی بٹھائی جاکر حکومت اپنی ذمہ داری سے ہاتھ دھوچکی ہے۔ جب کبھی عوام کوئی مطالبہ کرتے ہیں تو حکومت ایک کمیٹی بٹھا دیتی ہے ۔ یہ پبلک آرگنائیزیشن کا طریقہ رہا ہے ۔ ایک سب کمیٹی مقرر کردی جاتی ہے ۔ وہ سال چھ مہینے کام کرتی ہے ۔ ہینڈی کرافٹ بورڈ (Handicraft Board) بٹھایا گیا ۔ اس نے کیا کام کیا ہے ؟ کتنی مدد دی گئی ؟ میں مانتا ہوں کہ کچھ بنکروں کی مدد کی گئی ۔ لیکن بہت سے لوگ ہیں۔ کمہار ہیں۔ کمبل بننے والے ہیں۔ میری کانسٹی ٹیونسی میں اگر میں اپنے الکٹوریٹس (Electorates) کے پاس جاؤں تو وہ لوگ وہاں نظر نہیں آتے ۔ وہ انتہائی ابترحالت میں ہیں۔ کئی یہاں حیدرآباد میں آکر رکشا چلارہے ہیں۔ دستی صنعتوں کے مزدوروں کی حالت نہایت ابتر ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ راج پرمکھ کا خطبہ کس قدر غیر حقیقت پسندانہ ہے۔ حکومت ہمیں ہمیشہ نصیحت کرتی ہے کہ ریلسٹک (Realistic) ہونا چاہیئے لیکن یہ خود کس قدر غیرحقیقت پسندانہ بیان ہے۔ لوگ مررہے ہیں۔ کئی لوگ گاؤں چھوڑ کر چلے گئے ہیں۔ لیکن اس کے بارے میں اڈریس میں ایک لفظ بھی نہیں ہے ۔ کم از کم سمپتی (Sympathy) کا ایک لفظ تو اس میں ہوتا ۔ وہ بھی نہیں ہے۔ اڈریس ایک طرح سے تختہ کارگزاری ہوتا ہے۔ اس میں بھوشیہ (भविष्य) یعنی مستقبل کے بارے میں بھی پالسی کا اظہار کیا جاتا ہے۔ کیونکہ مستقبل کافی اہمیت رکھتا ہے لیکن راج پرمکھ کے خطبہ میں مستقبل کے بارےمیں کچھ بھی نہیں۔ اس لحاظ سے یہ رلکٹنٹ (Reluctant) ہے۔ گذشتہ سال بسٹ فوٹ فارورڈ (Best Foot Forward) ایک کتاب دیگئی تھی ۔ لیکن اس وقت وہ کتاب بھی نہیں ہے۔ اس سال ورسٹ فوٹ فارورڈ (Worst Foot Forward) کی شکل میں یہ خطبہ ہمارے ہاتھ میں دیا گیا ہے۔ عوام اس ورسٹ فوٹ فارورڈ کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ راج پرمکھ کا اڈریس ڈائرکٹیو

(Directive)سے بھرا ہونا چاہیئے - اس میں عوام کے مسائل آنے چاہئیں - یہ بتلانا چاہئیے کہ حکومت عوام کے مسائل سے کس طرح نمٹنا چاہتی ہے-لیکن اس خطبہ میں عوامی مسائل کو حل کرنے کی کوئی صورت نہیں بتلائی گئی- اگر حکومت مسائل حل نہ کرے تو مسائل خود حکومت کو حل کردیں گے -

میں اپنے یہ خیالات ایوان کے سامنے رکھتے ہوئے عرض کروں گا کہ راج پرمکھ کا اڈریس مایوس کن ہے- اس میں نہ راج پرمکھ کا مستقبل ہے، نہ حکومت کا مستقبل ہے اور نہ عوام کے مستقبل کیلئے اسمین کوئی چیز پاتے ہین -

श्री. भगवानराव बोरलकर (वसमत जनरल) :—अध्यक्ष महाराज, काल या ठिकाणीं राजप्रमुखांचे भाषण झाले. या वर्षीच्या त्यांच्या भाषणामध्यें आणि दोन वर्षापूर्वीच्या भाषणामध्यें अत्यंत फरक आहे असे वाटते. दोन वर्षापूर्वी जे आमचे प्रगतीचे अंदाज होते त्या दृष्टीनें या भाषणाकडे पाहिले तर हे भाषण निराशाजनकच आहे. आज आम्ही जिकडे तिकडे पंचवार्षिक योजनांचा विकास होत असतांना पाहतो, आणि आमच्या हैदराबाद संस्थानाकडे तुलनात्मक दृष्टीने पाहिले तर येथील प्रगती निराशाजनक आहे असे माझे मत आहे.

राज्यांमध्यें, राज्यांतील सामान्य जनतेमध्यें, आणि सरकारच्या अॅडमिनिस्ट्रेशन मध्यें जे सहकार्य पाहिजे ते दिसत नाहीं. सरकार अेकीकडे आहे, आणि जनता अकीकडे आहे; आणि म्हणूनच आमच्या राज्यांत जनतेच्या सहकार्याच्या अभावीं पंचवार्षिक योजना प्रगती करीत नाहीं. मला सांगावयाचे आहे कीं तुमचे अधिकारी ज्या पद्धतीने काम करतात, त्यांचा जनतेशीं वागण्याचा जो दृष्टीकोण आहे, त्यावरून ते लोकशाही राज्यांतील अधिकारी आहेत असे वाटत नाहीं. त्यामुळे लोकशाहीचा विकास होअील असे वाटत नाहीं. तसेच दुसरी गोष्ट अशी आहे कीं कॉंग्रेस पार्टी किंवा सरकारी अधिकारी विरोधी पक्षाच्या लोकांचे सहकार्य घ्यावयास तयार नसतात. कोणत्याहि राष्ट्रांत सर्व जनतेचे सहकार्य सरकार घेत असते, आणि त्या शिवाय लोकशाही सरकार प्रगतीहि करूं शकत नाहीं. पण आमच्या येथे तसा प्रकार नाहीं. लोकांचे सहकार्य न घेता तुमचे अधिकारी आपले काम करतात, आणि म्हणून ती कामें अेकांगीपणें होतात असे दुःखाने म्हणावे लागते. जे सार्वजनिक कार्य आहे, ज्यामुळे सर्व राज्याचा विकास होत असेल त्या ठिकाणी आम्ही जरूर सहकार्य देअूं. पण तरी सुद्धां कॉंग्रेसचे लोक आपले काम अेकांगीपणाने करतात.

आमचे अधिकारी ज्या रीतीने काम करतात त्यावरून ते लोकशाही सरकारचे अधिकारी आहेत अशी कल्पना होत नाहीं. सध्या लोकामध्यें आणि सरकार मध्यें भेद पडत आहे, आणि माझे असे मत आहे कीं त्यामुळे विकास केंद्रें सफल होणार नाहींत. जेथे जेथे आमच्या कडून कांहीं गोष्टी करा म्हणून सांगण्यांत येते, त्या योग्य असल्यातरी सरकारी अधिकारी त्या करीत नाहींत. त्यांना जे कांहीं करावयाचे असते ते फक्त कॉंग्रेसच्या लोकांच्या सांगण्यावरून करतात. आतांचेच अुदाहरण आहे, परभणी जिल्हयांत अेक दोन शाळा सूरूं करण्यांत आल्या त्यावेळीं फक्त कॉंग्रेसच्या लोकांचेच सहकार्य घेतले गेले. आम्ही आमचे सहकार्य घ्या म्हणून सांगतो तरी घेतले जात नाहीं. म्हणून माझें सांगणे आहे कीं तुम्हाला जर हैदराबाद राज्याचा विकास करावयाचा असेल, आमच्या

राज्याने प्रगति करावी अशी तुमची अिच्छा असेल आणि खरोखर लोकशाही चालवावयाची असेल तर तुम्हाला सर्व पक्षांचे सहकार्य घेणे आवश्यक आहे.

ज्या निरनिराळ्या विकास योजना हैदराबाद राज्यांत होत आहेत त्यांचे दोन तीन गट आहेत- मराठवाडा, तेलंगण, आणि कर्नाटक, या पैकीं मराठवाडा फारच दुर्लक्षिला गेला आहे. त्यांतल्या त्यांत परभणी जिल्ह्याकडे फारच कमी लक्ष दिले गेले आहे. त्यांत अेकच अेक पूर्णा धरण योजना असून तीहि अजून निश्चित स्वरूपांत नाहीं. मुख्य मंत्र्यांनी सांगितले होते कीं ती योजना मध्य-सरकार कडे मंजूरी करिता पाठविली आहे. परंतु तिचे काय होणार आहे कांहीं सांगता येत नाहीं. अेका जिल्ह्याला कमी वांटा आणि अेका जिल्ह्याला जास्त वांटा हे कसे न्याय्य आहे ? शिक्षणा-विषयीं सुद्धां तीच गत आहे. मराठवाड्यामध्यें शिक्षणाकडेहि दुर्लक्ष केले गेले आहे. जेथे काँग्रेसच्या लोकांनी सिफारस केली तेथे शाळा सुरूं होतात. मी स्वत: किती तरी अप्लीकेशन्स (Applications) दिल्या आहेत पण त्यांना मंजूरी मिळाली नाहीं. असा अेकांगी दृष्टीकोण सरकारने ठेवणे योग्य नाहीं. शाळे करिता अप्लीकेशन कोणीहि देवो तो कोणत्याहि पार्टीचा असो योग्य वाटल्यास तेथे शाळा काढलीच पाहिजे. त्याच प्रमाणें वद्यकीय किंवा मेडीकल बाबीसंबंधी आहे. राजप्रमुखांच्या भाषणामध्यें वैद्यकीच्या बाबतींत चांगल्या योजना दिसत नाहींत. आम्हा-ला अशी आशा होती कीं अेखादि भरीव योजना मराठवाड्या करिता असेल. पण या बाबतींत आमची निराशाच झाली. कोठे १०, १५ बेडस् वाढविणे कोठे अखादा डॉक्टर वाढविणे अशा मलमपट्टीने प्रगति होत नसते. तुम्ही फाटक्या गादीवर तखादी चादर टाकण्याचा प्रयत्न करीत आहांत याचा अर्थ आपण विकास केला व राष्ट्राची प्रगति केली असा होत नाहीं. हे सरकार आणि जबाबदार नेत्यांनी लक्षांत ठेवावे. आपण किती प्रगति केली, जनतेच्या आमच्या बद्दलच्या काय भावना आहेत, याचा सरकारने विचार केला पाहिजे. आज जनतेला असे वाटत आहे कीं हे आमचे राज्य नसून पोलीसांच्या जोरावर चालणारे राज्य आहे. जनतेच्या प्रतिनिधींना मोकळे पणाने कार्य करू द्या, आणि त्यांना सरकार कडून सहकार्य द्या. नांदेड जिल्ह्यांत तुम्हीं विकास केंद्र काढले अितर जिल्ह्यांत जपानी भात शेतीचा प्रयोग केला. पण परभणी जिल्ह्यांत काहींहि केले नाहीं. ह्या बद्दल मला फार दु:ख होत आहे.

सर्वांत महत्वाची गोष्ट म्हणजे सध्यां लाचलुचपत फार बोकाळली आहे. पंडित नेहरूंनी सांगितले कीं करप्शन बंद केले पाहिजे. पण येथे अुलट प्रकार आहे. कांहीं तक्रार करावयास गेलो तर वरचे अधिकारी घेत नाहींत. खालपासून वर पर्यंत सर्व लोकांची दोस्ती असते व अेक प्रकारची साखळी ते तयार करून ठेवतात. सब-अिन्स्पेक्टर बद्दल सर्कल अिन्स्पेक्टरला सांगावयास गेले तर तो मनावर घेत नाहीं. सर्कल अिन्स्पेक्टर बद्दल डी. अेस. पी. अैकत नाहीं. कोणी होम मिनिस्टर पर्यंत गेलाच तर आरोप खोटा आहे असा त्यावर शेरा मिळतो. असेच जर चालेल तर करप्शन कसे बंद होईल ? आपण कोणतेहि गाऱ्हाणे दाखल करून घ्यावे असें मी म्हणत नाहीं. पूर्वी पर्वनी गोष्ट आहे कंठेश्वर नांवाचे खेडे आहे. तेथे डाका पडला होता. पोलीसांनी कांहीं लोकांना पकडून आणले, व त्यांना मारले, आणि ५००, ६०० रुपये लांच घेअून सोडून दिले. मुक-द्म्याचा वगैरे कांहीं पत्ता नाहीं. तुमचे अधिकारी कांहीं गुंडांशी मिळून मिसळून गरीब जनतेला दडपून टाकतात. लोक म्हणावयाला लागले आहेत कीं पूर्वीचेच राज्य बरे होते. या वरून आपण काय तो धडा घेतला पाहिजे, आणि आपल्या दृष्टीकोणांत योग्य तो बदल केला पाहिजे.

अँटी करप्शन कमेटी (Anti corruption committee) स्थापन केली. मी स्वत: त्या कमेटी समोर साक्ष दिली होती. पण त्या कमेटीने काय शिफारसी केल्या व त्यांचे काय झाले याचा कांहींच पत्ता नाहीं. या वरून आम्ही कांहीं प्रगति करूं शकूं कीं नाहीं या बद्दल मला शंका आहे.

आम्ही आपल्या आजूबाजूंच्या प्रांतांकडे पाहिले पाहिजे. मुंबअी प्रांत आहे, मद्रास प्रांत आहे, त्यांनी जनतेच्या व अितर पक्षांच्या सहकार्याने किती प्रगति केली या कडे लक्ष दिले पाहिजे. ज्या राज्यांत न्याय्य गाऱ्हाण्याची योग्य दाद लागत नाहीं त्या सरकारला आम्ही लोकशाही सरकार कसे म्हणावे ?

लाचलुचपत बंद करावयाची असेल तर सरकारी अधिकाऱ्यांच्या कामकरण्याच्या दृष्टीकोणांत सुधारणा झाली पाहिजे, आणि त्यांचेवर निरिक्षण करण्यास अेखादी कमेटी स्थापन करावयास पाहिजे. अधिकाऱ्यांच्या गुन्ल्ह्यायाची चौकशी करावयाची असल्यास डिपार्टमेंटल अिन्क्वायरी (Departmental enquiry) करण्यांत येते त्यांत खालच्या चोराला वरचा चोर साक्षी होतो, आणि अशा चौकशीतून कांहीं निष्पन्न होत नाहीं. अशा रीतीने राज्य चालूं शकत नाहीं. मला सांगावयाचे आहे कीं या पुढें लोकशाही राज्यांत अशा गोष्टी चालणार नाहींत आणि आम्ही चालूं देणार नाहींत. मी जे कांहीं बोललो ते अितर कोणत्याहि भावनेने बोललो नाहीं तर आपल्या राज्यांत सुधारणा झाली पाहिजे, व जनतेला वाटले पाहिजे कीं हे आमचे सरकार आहे, अशा भावनेने बोललो. आमच्या अधिकाऱ्याबद्दल जनतेला प्रेम वाटले पाहिजे. हे सर्व करावयाचे असेल तर सरकारने सर्व जनतेचे व सर्व पक्षांचे सहकार्य घेतले पाहिजे. आम्ही तुमच्याशीं सहकार्य करण्यास तयार आहो. ह्या गोष्टी केल्या तरच हैदराबादची प्रगति होअील.

शेवटीं मी केलेल्या सर्व सूचनांचा सरकार विचार करील व त्याकडे योग्य ते लक्ष देअील अशी आशा व्यक्त करून मी आपली रजा घेतो.

* شری رنگ راؤ دیشمکھ - مسٹر اسپیکر سر - آج ھاؤز کے سامنے راج پرمکھ کے اڈریس کے بارے میں جو امنڈمنٹس آئے ھیں ان پر بحث ھورھی ہے۔ آزادی ملکر تقریباً چھہ سا ت سا ل کا عرصہ ھورھا ہے اور یہاں پاپولر منسٹری قائم ھو کر دو ڈھائی سال کا عرصہ ھوا لیکن اس عرصہ میں حکومت نے عوام سے جو وعدے کئے تھے کہ جا گیری علاقوں میں جہاں دیوانی علاقوں کے مقابلہ میں تین چار گونہ مالگزاری وصول کی جارھی ہے اس کو دیوانی علاقوں کے مماثل لایا جائیگا لیکن اب تک ان وعدوں کو پورا نہیں کیا گیا ہے۔ صرف باتیں ھی باتیں کی جارھی ھیں۔ حالانکہ یہ وعدہ دو سال پہلے کیا گیا تھا کہ جا گیری علاقوں کی مالگزاری دیوانی علاقے کے مماثل کی جائیگی یا کم از کم ۳۰ فیصدی مالگزاری میں ریلیف (Relief) دیں گے۔ لیکن مالگزاری کم کی گئی اور نہ کسی قسم کی ریلیف دی گئی۔ اب تک جا گیری مواضعات میں مالگزاری اوسی پرانے ڈھنگ سے لی جارھی ہے۔ ان حالات میں ھم کیوں نہ کہیں کہ یہ حکومت جاگیرداروں کے مفادات کی حفاظت کرتی ہے اور جاگیرداروں کو سپورٹ (Support) دے رھی ہے۔ آج جو حکومت پاپولر گورنمنٹ کہلاتی

ھےاوس نے جووعدہ کیا تھا وہ کہاں گیا ۔ راج پرمکھ نے اپنے اڈریس میں کہا ھے کہ جاگیری سواضعات میں مالگزاری کی شرح کو دیوانی مواضعات کی شرح کے ساتھہ برابری پر لانے کا کام جاری ھے۔ ایسے مواضعات کی تعداد جہاں مالگزاری کی شرح کو گھٹا کر دیوانی کی سطح پر لایا گیا ھے (۶۳۰) ھے لیکن میں کہوں گا کہ اب بھی ایسے ہزاروں مواضعات ھیں جہاں زائد مالگزاری لی جارھی ھے ۔ (۶۳۰) دیہاتوں کو آپ نے ۲۰ فیصدی ریلیف دی ھے تو ایسا کونسا تیر آپ نے مارا ھے۔ میں آپ سے پوچھنا چاھتا ھوں کہ مزید جو کئی دیہات باقی ھیں اون کے بارے میں اب تک آپ نے کیوں کچھ نہیں کیا؟ مرہٹواڑی میں ایسے بہت سے مواضعات ھیں اور وھاں کی رعایا وھاں کا کسان سخت پریشان ھے اور مصیبت میں مبتلا ھے وھاں کاشت اور فصلوں کی حالت اچھی نہیں ھے، کپاس کی حالت اچھی نہیں ھے جوار کی فصل ٹھیک نہیں ھے۔میں اضلاع کا دورہ کرکے آرھا ھوں مجھے وھاں کی حالت معلوم ھے۔ ایسے زمانے میں جبکہ کسانوں کے پاس پیسہ نہیں ھے ان پر اس قسم کا زائد بار ڈالنا کسی طرح مناسب نہیں ھے۔ میں پربھنی ضلع میں خاص طور پر گنگا کھیڑ تعلقہ کا ذکر کروں گا جہاں ایک طرف جاگیری علاقہ ھے اور دوسری طرف صرفخاص کا علاقہ ۔ ان دونوں علاقوں کو سلا کر گنگا کھیڑ تعلقہ بنایا گیا ھے ۔ وھاں بھی اکثر دیہاتوں میں جو جاگیری ھیں چار پانچ گونہ محاصل لئے جارھے ھیں۔ گنگا کھیڑ کے کسان ان حالات سے سخت پریشان ھیں میں پوچھنا چاھتا ھوں کہ حکومت کیوں اس طرف توجہ نہیں دے رھی ھے۔ حکومت صرف آپسی جھگڑوں کو پیدا کرنے کی کوشش کرتی ھے۔ میں حکومت سے پوچھنا چاھتا ھوں کہ وہ عوام اور غریب کسان جن کا خون جاگیرداروں نے چوسا ھے کیا اس کے مستحق نہیں ھیں کہ ان کو اس زائد بار سے نجات دلائی جائے اور ان سے دیوانی کے مماثل مالگزاری وصول کی جائے۔ آپ کہیں گے کہ لینڈ ریوینیو کم کیا جائے تو معاشی حالات خراب ھوجائینگے لیکن ایک طرف تو آپ کہتے ھیں کہ اسٹیٹ کی معاشی حالت اچھی ھے اور دوسری طرف اس کا اندیشہ ظاھر کرتے ھیں کہ ایسا کیا جائے تو اسٹیٹ کی معاشی حالت خراب ھوجائیگی ۔ میں حکومت سے اپیل کروں گا کہ آپ نے جو وعدہ کیا تھا اس کو پورا کیجئیے ۔ پرانے نظام مالگزاری کو چھوڑ کر دیوانی کے مماثل مالگزاری جاگیری مواضعات سے بھی وصول کرنی چاھیئیے ۔ جب آپ اپنی حکومت کو پاپولر گورنمنٹ سمجھتے ھیں تو اپنے کئے ھوے وعدوں کو پورا کیجئیے۔ یہ ٹال مٹول کی پالسی چھوڑ دیجئیے میں پوچھنا چاھتا ھوں کہ آخر یہ ٹال مٹول کب تک کریں گے ؟

آر ۔ ٹی ۔ ڈی ۔ کے بارے میں بھی میرا امنڈ منٹ ھے۔ آر ۔ ٹی ۔ ڈی ۔ کو جس طرح چلایا جانا چاھیئیے نہیں چلایا جارھا ھے۔ آر ۔ ٹی ۔ ڈی ۔ کی انکم جس قدر ھونی چاھیئیے نہیں ھورھی ھے۔ حالت یہ ھے کہ ایک کسان جب ناندیڑ سے پربھنی تک سفر کرتا ھے تو وہ تو برابر پیسہ ادا کرتا ھے۔ ٹکٹ خریدتا ھے اور اس کے چارجس (Charges) ادا کرتا ھے لیکن کام کرنے والے لوگ پیسہ کھا جاتے ھیں۔ آر ۔ ٹی ۔ ڈی ۔ کی انکم ٹھیک طور پر وصول نہیں کی جارھی ھے ۔ میں نے پربھنی کے بارے میں خاص طور پر حکومت کو وھاں کے

آر۔ ٹی۔ ڈی۔ سے متعلق کئی مرتبہ آگاہ کیا کہ وہاں کے مناپلسٹس (Monopolists) جو ہیں انہیں کوگتہ دیا جارہا ہے۔ نہ معلوم کتنے زمانے سے وہ لوگ بسس (Buses) چلا رہے ہیں اور برسوں سے روپیہ کمارہے ہیں۔ میں نے حکومت کو اس بارے کیا میں کئی بار آگاہ۔ لیکن حکومت نے کوئی ایکشن (Action) نہیں لیا۔ وہاں کے پولس آفیسران سے ملے ہوئے ہیں۔ حکومت سے پرمٹ (Permit) تو لیتے ہیں لیکن ٹیکس بھی برابر ادا نہیں کرتے۔ پربھنی میں آر۔ ٹی۔ ڈی۔ کی بسس کا انتظام اب تک شروع نہیں کیا گیا ہے۔ میں نے حکومت سے اس کا مطالبہ کیا تھا تو عوام کو بتلانے کے لئیے صرف دو بسس کی سروس وہاں شروع کی گئی ہے۔ وہاں کے مناپلسٹ عوام کی اس مانگ کو کامیاب ہونے نہیں دیتے۔ وہ سرکاری بسوں پر جو کام کرنے والے ہوتے ہیں انہیں پیسے دیکر یہ رپورٹ پیش کروادیتے ہیں کہ ان سڑکوں پر آر۔ ٹی۔ ڈی۔ کی بسس نہیں چل سکتیں۔ لیکن اس کے باوجود وہاں مناپلسٹوں کی (۱۸) بسس چلرہی ہیں۔ میں پوچھتا ہوں کہ یہ ۱۸ بسس حکومت کیوں نہیں چلاتی۔ وہاں آر۔ ٹی۔ ڈی۔ کی روڈس ہیں۔ نئی روڈس بنی ہیں۔ ان پر مناپلسٹوں کو بسس چلانے کی اجازت دیجاتی ہے۔ اونڈھاتو ہنگولی سروس (Oundha to Hingoli) حال ہی میں کھلی ہے۔ وہاں گورنمنٹ اپنی طرف سے بس چلانا نہیں چاہتی تو پرائیویٹ لوگوں کو کس طرح اسکی اجازت دیجاتی ہے۔ کسانوں کا پیسہ خرچ کرکے وہاں روڈس تو بنائی جاتی ہیں لیکن فائدہ اجارہ داروں کو پہنچایا جاتا ہے۔

میں آخر میں حکومت سے اپیل کروں گا کہ حکومت ان علاقوں میں جہاں کی مالگزاری ابھی تک دیوانی ایریاز (Areas) کے برابر نہیں کی گئی ہے فی الوقت وہاں ۲۰ فیصد مالگزاری کا ریلیف دے۔ اور پربھنی میں آر۔ ٹی۔ ڈی کی جانب سے بس سروسس شروع کی جائے۔ ورنہ عوام اس سے بیزار ہوکر اگر کوئی جدوجہد کریں تو حکومت کو اس کا مقابلہ کرنا پڑیگا۔ پربھنی میں اس وقت جو صرف دو سرکاری بسس چلائی جارہی ہیں وہ قطعاً ناکافی ہیں۔ ان کی بجائے حسب ضرورت ۷-۸-۱۰-۱۲ بسس حکومت کی جانب سے چلائی جائیں۔ پرائیویٹ مناپلسٹس کو پرمٹس اس شرط کے ساتھ عطا کئیے گئیے ہیں کہ وہ پرمٹس حکومت جب چاہے کینسل (Cancel) کرسکتی ہے۔ اس لئیے اس طرح بھی انہیں کینسل کرنے میں حکومت کو ڈرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ دیگر اضلاع میں بھی جہاں بس سروسس (Bus services) پرائیویٹ مناپلسٹس کے ہاتھوں میں ہیں وہاں بھی آر۔ ٹی۔ ڈی۔ کا انتظام ہونا چاہیئے اور اس طرح عوام کی شکایت کو دور کیا جانا چاہیئے۔ حکومت اس مسئلہ کو جلد حل کرے۔

شری جے آنند راؤ۔ اسپیکر سر۔ راج پرمکھ کے اڈریس پر شکریہ ادا کرنے کے لئیے جو موشن لایا گیا ہے اس پر مختلف آنریبل ممبرس نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ میں ان خیالات کو نہ دہراتے ہوئے کچھ نئی باتیں بتلاؤں گا۔

اڈریس کے پہلے ہی صفحہ پر راج پرمکھ نے یہ بتلایا ہے کہ ہمنے ایک لینڈ ریفارمس کا قانون لایا ہے۔ اور اس کی وجہ سے لینڈ ٹو دی ٹلر (Land to the tiller) کا مسئلہ حل ہوجائیگا کیونکہ سیلنگ (Ceiling) رکھکر سرپلس لینڈ لینے کی گنجائش رکھی گئی ہے ۔ ایک لینڈ کمیشن قائم ہوگا اس کے بموجب اس ایکٹ کا اسپلیمنٹیشن (Implementation) کرنے سے ایک بہت بڑا مسئلہ حل ہوجائیگا ۔ گذشتہ سشن میں اس مسئلہ پر کافی بحث ہوچکی ہے۔ میں صرف یہ بتلا دینا چاہتا ہوں کہ یہ ایکٹ اسی صورت میں کارآمد بن سکتا ہے جبکہ اپوزیشن کی جانب سے پیش کی ہوئی اہم امنڈمنٹس قبول کی جائیں ۔ جیسے یہ مانگ کی گئی تھی کہ زمینات کی جو ناجایز طریقہ پر تقسیات ہوچکی ہیں ان پر پابندی عائد کی جائے۔ اسی طرح کے کئی معقول امنڈمنٹس گذشتہ سشن میں لائے گئے تھے۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ اس قانون کے آنے سے پہلے ہی زمینداروں کو یہ اطمینان دلایا گیا تھا کہ ان کی زمین نہیں لی جائیگی ۔ چنانچہ انہوں نے ہزاروں ایکر زمین فروخت کرلی ۔ اور اپنے عزیزوں بال بچوں یہاں تک کہ شیرخوار بچوں کے نام پر بھی زمینات منتقل کردیں ۔ ان زمینداروں کو اس طرح کی ہدایتیں دی گئی تھیں ....

مسٹر ڈپٹی اسپیکر ۔ آپ اپنے امنڈمنٹ کے بارے میں ہی کہئیے ۔ آپ کا امنڈمنٹ تو کالیجس (Colleges) کے بارے میں ہے ۔

شری جے ۔ آنند راؤ ۔ میں اس بارے میں بھی کہوں گا ۔ اس بارے میں بھی کچھ کہتے ہوئے میں اپنے امنڈمنٹ پر آؤں گا ۔

زمیندار یہ سمجھے ہوئے تھے کہ ان کا اس قانون سے کچھ ہونے والا نہیں ہے ۔ واقعہ یہ ہے کہ جب ہم یہاں سشن ختم ہونے کے بعد اپنی اپنی کانسٹی ٹونسیز (Constituencies) گئے تو وہ لوگ یہ کہہ رہے تھے کہ ہم نے بھی آپ کے قانون سے بچنے کے لئے سب کرلیا ہے۔ اس طرح سیلنگ قائم کرنا یا سرپلس لینڈس لینے کی تجویز کا ذکر کرکے یہ کہنا کہ لینڈ کا مسئلہ حل کردیا گیا ہے بے معنی ہے ۔

راج پرمکھ نے بڑے کروفر کے ساتھ اپنے خطبہ میں اس بات کا اعتراف کیا کہ انہوں نے ۱۰ لاکھ روپیہ حیدرآباد اسکیرسٹی فنڈ (Hyderabad Scarcity Fund) میں دیا ہے ۔ یہ ایسا ہی معلوم ہوتا ہے کہ اسٹیٹ میں اور انڈیا میں بعض نٹوریس کیپیٹلسٹس (Notorious Capitalists) تھوڑا بہت دان بھگوان کے نام پر کرد یتے ہیں۔ تاکہ وہ " داتا " کہلائیں ۔ ممکن ہے انہوں نے بھی اس خیال سے ایسا کیا ہو۔ یہ بالکل انسگنیفیکنٹ فیکٹر (Insignificant factor) ہے ۔ یہ کوئی قابل ذکر بات نہیں ہے۔ قابل ذکر بات تو اس وقت ہوتی جب کہ راج پرمکھ اپنا جو ایک کروڑ روپیہ لیتے ہیں وہ بند کردیتے ۔ اخباروں میں یہ آیا ہے کہ انہوں نے پنڈت نہرو کے کہنے پر اپنی رقم میں سے ۲۰ لاکھ روپئے کی کمی کی ہے۔ لیکن اڈریس

میں راج پرمکھ نے اس بات کا تو کہیں اعتراف نہیں کیا ھے۔ اگر اس خبر میں حقیقت ھے تو انہیں اپنے اڈریس میں اس کا ذکر کرنا چاھیئے تھا ۔ شائد انہیں اس بات کا خوف تھا کہ اگر اس طرح اس سشن میں ۲۰ لاکھ روپئے کی کمی کا ذکر کیا جائے تو ممکن ھے اپوزیشن پارٹی کے پریشر (Pressure) کی وجہ سے آئندہ سشن میں بھی انہیں (۲۰) لاکھ یا ۷۰ لاکھ کی کمی کا اعلان کرنا پڑے۔ ممکن ھے اس خوف سے انہوں نے اپنے اڈریس میں اس کا تذکرہ نہ کیا ہو ۔ لیکن یہ بات مناسب نہیں ھے ۔

ٹیکزیشن (Taxation) کے بارےمیں اڈریس میں جوخیال ظاھر کیا گیا ھے اس سلسلے میں بتلایا گیا ھے کہ جمہوریت کو کامیاب بنانے اور دیش کو خوشحال بنانے کے لئے ٹیکزیشن میں اضافہ کرنا پڑرھا ھے اور اس کے لئے عوام میں سیکریفائنگ اسپرٹ (Sacrificing Spirit) پیدا ھونی چاھیئے ۔ یہ کہا جاتا ھے کہ پیسہ کم ھے۔ میں حکومت سے یہ دریافت کرنا چاھتا ھوں کہ جاگیرداروں اور راج پرمکھ کو پیسہ کیوں دیا جارھا ھے۔ پولس پر اتنی بڑی رقم کیوں خرچ کی جارھی ھے؟ میں آپ کو بتلاؤں گا کہ آپ کے اڈمنسٹریشن میں اتنی خرابی اور اس قدر کرپشن (Corruption) ھے کہ گورنمنٹ کو اس کی حقیقی آمدنی کے ایک قابل لحاظ حصے سے محروم ھونا پڑرھا ھے ۔ یہ پیسہ درمیانی لوگوں کے پاس چلاجارھا ھے ۔ آبکاری جوھماری اسٹیٹ کی آمدنی کا ایک بہت بڑا ذریعہ ھے میں بتلاؤں گا کہ اس میں غریب اور جھاڑ تراشنے والے سے تو برابر پیسہ وصول کیا جاتا ھے۔ لیکن یہ پیسہ گورنمنٹ کے پاس پہنچنے نہیں پاتا ۔ بڑے بڑے مستاجروں کے ذمہ گورنمنٹ کا ھزاروں بلکہ لاکھوں روپیہ باقی ھے جو ان سے وصول نہیں کیا جاتا . . .

مسٹر ڈپٹی اسپیکر ۔ آپ صرف اپنے امنڈمنٹ کی حدتک بحث کریں تو مناسب ھے۔ اگر اس طرح جنرل ڈسکشن ھوتو ڈسکشن ختم ھی نہ ھوسکیگا ۔ البتہ آپ اپنے امنڈمنٹ کے ساتھ ساتھ دوسرے امنڈ منٹ پر بھی کہہ سکتے ھیں۔

شری جے آنند راؤ ۔ میں ٹیکزیشن کی عام پالیسی پر بحث کررھا ھوں ۔

مسٹر ڈپٹی اسپیکر ۔ اگر اس کے متعلق امنڈمنٹ ھے تو آپ بحث کرسکتے ھیں۔

شری جے آنند راؤ ۔ ٹیکزیشن کے بارےمیں ایک امنڈ منٹ ھے۔ میں سمجھتا ھوں کہ باقی اڈریس پر بھی تنقید کا ممبرس کو حق ھے۔ اس طرح عام باتیں کہتے ھوئےمیں اپنے خاص امنڈمنٹ پر آؤں گا ۔ میں یہ بتلاؤں گا کہ مزید ٹیکس عائد کئے بغیر آمدنی میں اضافہ کس طرح کیا جاسکتا ھے ۔ مستاجرین سے پیسہ برابر وصول نہیں کیا جارھا ھے ۔ جنگلات کے مستاجرین سے بھی وصولی برابر نہیں ھوتی ۔ ریوینیو ڈپارٹمنٹ میں بھی کافی کرپشن ھے۔ کاماریڈی ۔ جگتیال ۔ کریمنگر میں گورنمنٹ کے پیسے کا غبن ھوا ھے جس کی نسبت توجہ دلائی گئی ھے ۔ ریوینیوڈپارٹمنٹ سے جتنا پیسہ حکومت کو ملنا چاھیئے وہ نہیں مل رھا ھے۔ خصوصاً تلف مال کے نام پر حکومت کو کافی نقصان پہنچایا جاتا ھے۔ وطنداری سسٹم کو حسب سابق بحال رکھنے کی وجہہ سے کئی دھندے ھوتے ھیں۔ ان کی اڑاضیات

کے لئے ''تلف،،کی منظوری ہوئی ہے۔ غریب رعایا سے پیسہ وصول کیا جاتا ہے ۔ ہزاروں روپیہ ہرضلع اور ہرتعلقہ سے اس طرح وصول کیا جاتا ہے۔ میں آپ کو تفصیل بتلاسکتا ہوں۔ کئی حلقوں میں ایسی بدعنوانیاں ہوئی ہیں ۔ اس بارے میں اڈجرنمنٹ موشن (Adjournment motion) پیش کیا گیاتو یہ کہا گیا کہ کلکٹر کے سامنے یہ باتیں لائی گئی ہیں ۔ جب تک کہ ایسی بد عنوانی کرنے والوں کو سخت سزائیں نہ دیجائیں جس سے دوسرے کارکنوں کے سامنے مثال قائم ہو یہ مسئلہ حل نہیں ہوسکتا ۔ غریبوں سے تو روپیہ وصول کیاجاتا ہےلیکن بڑے زمینداروں کی پیداوار ٹھیک طور پرہونے کے باوجود گورنمنٹ کو ان سے پیسہ وصول نہیں ہوتا ۔ اس کی وجہ موروثی وطنداری سسٹم ہے ۔ گذشتہ اور پیوستہ سشنس میں آنریبل ممبرس آف دی اپوزیشن نے اس بارے میں توجہ دلائی تھی ۔ اور یہ بتلا دیا تھا کہ اس کی وجھہ سے گورنمنٹ کو جتنی رقم وصول ہونا چاہیئے نہیں ہوتی ۔ میں دعوے کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اس طرح کرپشن کی وجہ سے حکومت کو ۱/۴ آمدنی کا نقصان ہورہا ہے ۔ اس پر تو غور نہیں کیا جاتا کہ اڈمنسٹریشن کی خرابیوں کی وجہ سے گورنمنٹ کا پیسہ ضائع ہورہا ہے بلکہ یہ سوچا جاتا ہے کہ ٹیکزیشن کس طرح کیا جانا چاہیئے ۔ یہ بڑی تکلیف دہ بات ہے کہ جن لوگوں کے پاس سے حکومت کو حقیقت میں لاکھوں روپیہ وصول ہونا چاہیئے وہ نہیں ہوتا ۔ جس کی وجہ سے عوام پر ٹیکزیشن کرنا پڑتا ہے۔ یہ غلط عمل ہے ۔

گورنمنٹ کو جمہوری بنانے کے لئے یہ ضروری ہے کہ پہلے وطنداری سسٹم کو جو موروثی سسٹم ہے ابالش (Abolish) کیا جائے۔ یہاں تعلیم یافتہ لوگوں کو کم سے کم میٹریکولیٹس کو بحال رکھا جائے تو کرپشن نہیں ہوگا ۔ گورنمنٹ یہ کہہ سکتی ہے کہ تعلیم یافتہ لوگوں کو رکھنے سے ۵۰ - ۶۰ روپیہ ماہانہ دینا پڑیگا تو اس سے گورنمنٹ کے پیسہ کا نقصان ہوگا ۔ لیکن یہ غلط ہے۔ اس سے نقصان ہونے والا نہیں ہے بلکہ اس کے برخلاف جو لاکھوں روپے کا نقصان ہورہا ہے وہ نہ ہوگا اور اسی کو پیش نظر رکھکر ہم یہ کہہ رہے ہیں ۔ اسی طرح ہماری توجہ ہے ۔ کیونکہ اس سے نہ صرف گورنمنٹ کا نقصان ہورہا ہے بلکہ ہم جو بھی ریفارمس لارہے ہیں ، جو تحفظ کے طریقے ہم اختیار کرنا چاہتے ہیں ، جو بھی چھوٹے موٹے قوانین ہم پاس کررہے ہیں ان پر عمل نہیں ہورہا ہے ہم کو اس کا ذاتی تجربہ ہے۔ اس لئے معزز ایوان سے میں ادباً یہ عرض کروں گا کہ ہمارے پاس جو وطنداری سسٹم ہے۔ اڈمنسٹریشن میں جو کرپشن ہے اس کو ختم کرکے جمہوری طریقے رائج کئے جائیں۔ اس سے نہ صرف ہماری گورنمنٹ کو آمدنی ہوگی بلکہ رعایا بھی خوشحال ہوگی ۔ اس لئے میں ادباً عرض کرتا ہوں کہ اس طرف خاص توجہ دیجائے ۔ ورنہ اس کے بجائے ٹیکزیشن کرنے سے کام نہیں ہوگا ۔

آخر میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ایجوکیشن کے سلسلہ میں جو گورنمنٹ کی پالسی ہے اس ضمن میں ادنی تعلیم کے سلسلہ میں راج پرمکھ کے اڈریس میں اس کا ذکر کیا

گیا ہے لیکن اعلی تعلیم ھائیر ایجوکیشن کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی - اس سے یہ معلوم ھوتا ہے کہ ھائیرایجوکیشن کو رسٹرکٹ (Restrict) کرنا چاھتے ھیں - اگرچیکہ یہ اڈریس میں نہیں بتلایا گیا ہے لیکن دوسرے ذریعوں سے یہ بتلایا جارھا ہے - کیونکہ ھمارے پاس تعلیم یافتہ بیروزگار زیادہ ھورھے ھیں اور ھائیرایجوکیشن کے لئیے زیادہ پیسہ اور وقت صرف ھوتا ہے اس لئیے اس کے بجائے پرائمری اور سکنڈری ایجوکیشن (Secondary education) کے لئیے خرچہ کیا جائے تو اس قسم کی دلیل قطعاً ناقابل قبول ہے اس لئیے کہ ھمارے پاس لیٹرسی (Literacy) ۹٫۲ فیصد ہے - یہ ۵۲-۱۹۵۱ ع کے فیگرس ھیں - ھمارے پاس دس فیصد سے بھی کم ایجوکیٹڈ (Educated) لوگ یعنی گرائجویٹس - یم - ایز - بی - یج ڈیزاور یم بی بی یس ھیں - اگر ان میں ایسے لوگوں کو بھی شامل کیا جائے تو یہ ھمارے ملک کے شایان شان نہیں ہے - ایسی صورت میں یہ سمجھنا کہ تعلیم یافتہ لوگ زیادہ ھیں قطعاً غلط ہے - یہ اس لئیے سمجھنا پڑرھا ہے کہ ھم اس ڈھانچہ کو قائم نہیں کرسکتے جس میں ان تمام لوگوں کو مواقع مل سکیں - لیکن یہ خیال کرنا کہ تعلیم یافتہ لوگ زیادہ ھیں غلط ہے اور اس طرح سے سوچنا بالکل غلط ھوگا - یہ صاف ظاھر ہے کہ گورنمنٹ کی پالیسی ھائیر ایجوکیشن کو رسٹرکٹ کرنے کی طرف ہے چنانچہ یہ دیکھا جاتارھا ہے کہ گذشتہ سال کوئی سات سوطلباء کو کالجس میں اڈمیشن (Admission) کے لئیے ریجکٹ کیا گیا - اور اس سال بھی تقریباً پانسو طلباء کو اڈمیشنس نہیں ملے ھیں - ان کو اڈمیشنس نہ ملنے کی ظاھر طور پر یہ وجہ بتلائی گئی ہے کہ ان کے مارکس پرلمٹ رکھی گئی ہے اور جن کے مارکس اسٹانڈرڈ (Standard) کے مطابق نہ تھے انہیں نہیں لیا گیا - لیکن واقعہ یہ ہے کہ وھاں سیٹس (Seats) کافی نہیں ھیں - مڈیکل کالج میں بھی ھم دیکھتے ھیں کہ صرف ۸۰ تا ۱۰۰ سیٹس رکھے گئے ھیں لیکن ھر سال سیکڑوں طلباء وھاں اڈمیشن کے لئیے آتے ھیں - ایک طرف تو ھم ڈاکٹروں کی زیادہ ضرورت کو بھی تسلیم کرتے ھیں لیکن دوسری طرف ھزاروں طلباء مڈیکل کالج جاتے ھیں تو ان سے کہا جاتا ہے کہ وھاں سیٹس نہیں ھیں - ایسا کرنا معیوب بات ہے جبکہ ھم ڈاکٹروں کی ضرورت محسوس کرتے ھیں - اس طرح سے یہ رسٹرکشن اعلی تعلیم پر عائد کریں تو یہ حد درجہ نامعقول بات ہے - ھائیر ایجوکیشن کے سلسلہ میں یونیورسٹی اور کالجس کو جو ۴۳ لاکھ روپیہ دیا جاتا ہے اس کے بارے میں کانوکیشن اڈریس (Convocation Address) میں وائس چانسلر نے یہ کہا تھا کہ ۱۰۰ لاکھ روپیہ کا اضافہ کرنا چاھئیے تا کہ کالجس کے طلبا کو سہولتیں مل سکیں - ھمارے موجودہ منسٹر فار ایجوکیشن نے بھی یہ کہا تھا کہ ایجوکیشن کو ترقی دینا چاھئیے لیکن جب وہ منسٹر فار ایجوکیشن بنے تو اب وہ بات نہیں رھی - اب وہ بھی یہ باتیں کہنا شروع کئیے ھیں کہ پیسہ کی مصیبت ہے - اب ھم پرائمری اورسکنڈری ایجوکیشن کی طرف زیادہ توجہ دے رھے ھیں - لیکن ھائیر ایجوکیشن کے لئیے پیسہ نہ ھونے کے باوجود بھی نظام کو پیسہ دیا جاتا ہے - اس کے ساتھ ساتھ اڈمنسٹریشن کے

کرپٹ ہونے کی وجہ سے جو پیسہ گورنمنٹ کو ملنا تھا وہ پیسہ اس کو نہیں مل رہا ہے۔

میں کشمیر کا حوالہ دوں گا۔ جب کشمیر آزاد ہوا تو وہاں فری کمپلسری ایجوکیشن (Free Compulsory education) ہوئی۔ اور کالجس میں بھی بلا فیس تعلیم کا انتظام کیا گیا ہے۔ جب کشمیر میں عملاً ممکن ہوسکا تو کیوں اس کی مثال حیدرآباد میں نہیں لی جاتی اور فری تعلیم کا انتظام نہیں کیا جاتا۔ کیا یہ بات اس وجہ سے نہیں ہوسکتی کہ یہاں فضول مدات میں خرچہ ہوتا ہے اور کروڑوں روپیہ جاگیرداروں اور راج پرمکھ کو دینا پڑتا ہے اور ہمارے اڈمنسٹریشن میں کرپشن موجود ہے۔ اگر آپ کے پاس پیسہ نہیں ہے تو انڈسٹریلسٹس (Industrialists) پر اسپیشل ٹیکس (Special tax) قائم کرکے پیسہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ اور ہائیر ایجوکیشن پر صرف کیا جاسکتا ہے۔ ریلیجس انڈومنٹس (Religious endowments) کے نام سے جو پیسہ صرف کیا جاتا ہے اس کو ہائیر ایجوکیشن کے لئے دیا جاسکتا ہے تاکہ ہائیر ایجوکیشن کو فروغ دیا جاسکے۔ اور اسے زیادہ سے زیادہ عام بنایا جاسکے۔ کھیرے کمیٹی رکمنڈیشن اور رادھا کرشنن رپورٹ میں بھی یہ کہا گیا ہے کہ ہمارا یہ فریضہ ہے کہ اس وقت دیش کو خوشحال بنانے اور جمہوریت کے پھولنے پھلنے کے لئے اعلیٰ تعلیم کو عام بنایا جائے۔ آج ہماری ریاست میں صرف ۲۳ کالجس ہیں جس میں ایڈڈ (Aided) گورنمنٹ اورپرائیویٹ سب شامل ہیں۔ ان میں ۱۲۹۴۷ یعنی تیرہ ہزار ٹوٹل اسٹرنتھ (Total strength) ہے۔ تیرہ ہزار طلباء کالجس میں آج پڑھتے ہیں لیکن ضرورت ہے کہ تیس۔ پینتیس ہزار طلباء پڑھیں۔ مگر انہیں موقع نہیں دیا جارہا ہے۔ ان کے لئے دنیا بھر کی تکالیف ہیں۔ دیہات کے طلباء کے لئے ضرورت ہے کہ اضلاع کریم نگر اور نظام آباد میں کالجس کھولے جائیں اور ورنگل کالج کو ڈگری کالج بنا یا جائے کیونکہ کالجس نہ ہونیکی وجہ سے غریب طلبا، متوسط طبقہ کے طلباء حیدرآباد نہیں آسکتے۔ اگر آتے بھی ہیں تو اڈمیشن نہ ملنے کی وجہ سے واپس چلے جاتے ہیں۔ اس لئے ہمارا فریضہ ہے کہ ان کی تعلیم کے لئے اضلاع میں فوراً ہی کالجس قائم کریں۔ ہمیں یہ یقین دلایا گیا تھا کہ کو آپریشن ملیگا لیکن پبلک کو اور طلباء کو کو آپریشن نہیں مل رہا ہے۔ اس لئے جہاں جہاں اضلاع میں کالجس کی ضرورت ہے وہاں کالجس فوراً ہی قائم کئے جائیں تاکہ سیکڑوں لڑکے جو تعلیم سے محروم ہورہے ہیں وہ نہ ہونے پائیں۔ یہ میری مودبانہ عرض ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ میری یہ بھی عرض ہے کہ ہم یونیورسٹی کو جو ۴۶ لاکھ روپیہ دے رہے ہیں وہ زیادہ نہیں ہے۔ اس سے زیادہ دیا جانا چاہیئے اور یہ خیال نہ کرنا چاہتے کہ اعلیٰ تعلیم کو زیادہ پیسہ دیا جائے تو پرائمری ایجوکیشن کے لئے پیسہ نہیں رہیگا اور پرائمری ایجوکیشن کے لئے پیسہ دیا جائے تو ہائیر ایجوکیشن کے لئے پیسہ نہیں ملیگا بلکہ سائمل ٹینیسلی (Simultaneously) دونوں کو بڑھانا چاہئے اس وجہ سے کہ لٹرسی (Literacy) بہت کم ہے۔

اتنا کہتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

The House then adjourned for recess till Forty minutes Past Five of the Clock.

The House re-assembled after recess at Fortyfive minutes Past Five of the Clock.

[Mr. Deputy Speaker in the Chair].

مسٹر ڈپٹی اسپیکر- آپ هندی میں کہیں تو اچھا هوگا تا کہ میں بھی سمجھ سکوں۔

श्री. गोपिडीगंगा रेड्डी :–हम हर साल देखते है कि देहात में जब नये साल का अनाज लगाते हैं तो अुस वक्त शुभ लक्षण वाले से मुहूर्त कराते हैं। अुनकी भावना रहती है कि जिस तरह मुहूर्त किया जाता है तो फसल अच्छी होती है। अगर किसी के हाथ से मुहूर्त करने से फसल में बढती होने के बजाय कमी होती है तो फिर से अुस आदमी के हाथ से मुहूर्त नहीं कराते हैं। लेकिन हम तो अेकशाही प्रभुत्व जिनके हाथ में सोंपा गया है अुन्हीं के हाथ से हरसाल हमारे वर्ष का मुहूर्त कराते हैं। मैं यह पूछना चाहता हूं कि जब बोकर गेहूं कैसे हासिल किया जा सकता है? हमें हर साल जो राजप्रमुख का अॅड्रेस सुनाया जाता है अुसमें हर बार देखते हैं कि पहले जमाने में क्या किया गया अिसी की कहानी सुनाअी जाती है। और हरसाल वही दोहराअी जाती है। अिस साल भी पिछले साल हमने क्या किया यही बातें ही की गअीं लेकिन आगे आप क्या करना चाहते हैं और क्या सोचते हैं अिसके बारे में तो अिस अॅड्रेस में कुछ नहीं कहा गया है। और मैं देखता हूं कि हमारे स्टेट में अभी तक वही पुरानी जागीरदारी सिस्टम चल रही है। वतनदारी सिस्टम चल रही है। मेरा कहना यह नहीं है कि आज जो पटेल या पटवारी हैं अुन्हें निकाल दिया जाय। या अुनको काम न दें। लेकिन आज जो पटेल या पटवारी हैं वह क्या काम करते हैं? वे सिर्फ गुमास्तगीरी करते हैं। आज जो पटेल पटवारी आते हैं वह वतनदारी सिस्टम से आते हैं। पीढीजात पटेली चलती आ रही है। आज जो गुमास्ते हैं अुन्हें आठ या बारह रुपये दिये जाते हैं। अितने से वे अपना गुजारा कैसे कर सकते हैं? और ये जो पटेल पटवारी हैं वे गाँव के लोगों को चूसते हैं। आज जो पटेल पटवारी हैं वह लोग काम से आराम ज्यादा पसंद करते हैं। और फिर अैसे हालात में रिश्वत लेने का अुन्हें ज्यादा मौका मिलता है। लडाअी करने के और रिश्वत सितानी के मौके ये लोग ढूंड कर निकालते हैं। जब पटेल और पटवारी का सिस्टम खतम होगा और यह वतनदारी का सिस्टम खतम हो कर पटेल और पटवारी लोगों के तकर्रर होंगे तब यह काम ठीक ढंग से हो सकेगा। लेकिन जब हम अिस बारे में बात करते हैं तो हमें कहा जाता है कि खजाने में पैसा नहीं है। लेकिन हम देखते हैं कि डिप्टी मिनिस्टर्स को ७५० रुपये तनख्वाह देने के लिये और अलाअुन्स देने के लिये तो पैसा है। लेकिन अिन लोगों को देने के लिये, जो कि पटेल का काम करते हैं, खजाने में पैसा नहीं है तो बडा ताज्जूब होता है। मालूम नहीं अब यह डिप्टि मिनिस्टर जो अितने बने हैं, वे क्यो काम करनेवाले हैं। लेकिन अुनके लिये तो खजाने में बराबर चाहे जितना पैसा है।

आज आपके पास जो बडे बडे कलेक्टर आदि ओहदेदार है अुनमें भी अमीर और बडे बडे घराने के लोगों को लिया जाता है। अिन तमाम पुरानी बातों को बदलने की जरूरत है। सब रिश्वत-खोरी की जो जड है वह आपकी वतनदारी सिस्टम लेकिन अुसे बंद करने के सिलसिले में राज-प्रमुख के अॅड्रेस में कुछ नहीं कहा गया है।

अब मुझे जबरी तालिम के मुताल्लुक कुछ कहना है। जबरी तालिम के बारे में यह कहा गया है कि कुछकुछ जगहों पर जबरी तालीम लागू करदी गअी है। लेकिन पूरे स्टेट में जबरी तालीम करने के मुताल्लुक कुछ नहीं कहा गया है। मेरा तो कहना है कि सारे स्टेट में जबरी तालिम दी जानी चाहिये।

हमारे मिनिस्टरों की संख्या ज्यादा बढाअी जा रही है। मेरा तो ख्याल है कि मिनिस्टरों की तादाद में बढती करने से रिश्वतसितानी और भी ज्यादा बढ जायेगी। रिश्वतसितानी बंद करने के लिये क्या किया जाना चाहिये अिसके लिये आपने अेक कमिटी मुकर्रर की थी और सिर्फ अुसकी जांच करने के लिये आपने दो साल गुजारे हैं लेकिन रिश्वतसितानी कैसे रोकेंगे अिसके बारे में अबतक कुछ नहीं कहा गया है। हम सब लोगों को मालूम हैं कि आप सब गांधीजी के चेले हैं। गांधीजी ने अिसको रोकने के लिये कितनी कोशिश की। लेकिन आप अुनके चेले क्या यह बता सकते हैं कि आप लोग हुकूमत में आने के बाद रिश्वतखोरी कम होगअी है ? हम देखते हैं कि आप यदि कोअी फंड जमा करते हैं तो सरकारी नौकरोंसे जबरी से अुसमें पैसे लेते हैं और यदि आपके फंड में कोअी पैसा न दे तो अुसको तनख्वाह नहीं मिलती है। अिस तरह से यदि अुसे तनख्वाह नहीं मिली तो फिर वह रिश्वत देने के लिये और लेने के लिये मजबूर होता है। जब वह देखता है कि मेरे अूपर का अफसर भी रिश्वत लेता है तो फिर वह सोचता है कि मुझे भी रिश्वत लेने में क्या हर्जा है। अिस समय मुझे अेक किस्सा याद आता है। हमारे यहां अेक पुलिस कॉन्स्टेबल था जिसे१०००रुपये की रिश्वत लेते हुअे पकडा गया था। अुसके जेबसे १००० रुपये बरामद हुये। लेकिन आजतक अुसके बारे में कुछ नहीं किया गया। अितने दिन होगये बार बार यही कहा जाता है कि मसला जेरेगौर है। लेकिन अभी तक कुछ भी अॅक्शन नहीं लिया गया।

जो काँग्रेस के लोग गांधीजी कानाम लेनेवाले हैं और समझते हैं कि हम गांधीजी के वारसदार है वे आज रिश्वतखोरी के रोकथाम के लिये कुछ नहीं कर रहे हैं अितनाही नहीं बल्किहमारे यहां जो गो-धन है अुसकी हिफाजत के लिये भी कुछ नहीं कर रहे हैं। हमारी सरकार ही नहीं बल्कि भारत सरकार भी बंदि के मुताल्लुक कुछ नहीं कर रहीं है। हमारे यहां रोजाना हजारों गायें मारी जाती है। लेकिन जो यह गोवध हो रहा है अुसे बंद करने के लिये कुछ नहीं किया जा रहा है। अिसके दलील में यह अजीब बात कही जाती है कि यदि गायें और दूसरे जानवर बढते हैं तो अुन्हें रखने के लिये हमारे पास जगह नहीं है। जमीन पर अुनके लिये जगह नहीं है। यहां आदमियों की संख्या बढ रही है अुसके मुताल्लुक तो कुछ नहीं किया जा रहा है। बर्थ कंट्रोल का नाम लिया जाता है लेकिन जन-संख्या तो बढती ही जा रही है। हमारे यहां खेती के लिये ट्रॅक्टर लाये जा रहे हैं। लेकिन आपके जो ट्रॅक्टर हैं वह कडबा या गोबर नहीं देनेवाले हैं। गाय बैल से जो काम होता है वह आपके ट्रॅक्टर से नहीं होनेवाला है। गोबर से जमीन को खाद मिलता है। लोगों को गायों से दूध मिल

सकता है। आप यदि सब ट्रॅक्टरही लाना चाहेंगे तो हैदराबाद स्टेट के अंदर किसान खुशहाल नहीं होगा।

अब अिसके बाद में जंगलात के बारे में कुछ कहना चाहता हूं। जंगलात को बढाने की और अुनकी हिफाजत करने की कोशिश की जानी चाहिये लेकिन वह नहीं की जाती है। कहा जाता है कि जंगलात में दूसरे जानवर आने से अुनका नुकसान होता है। लेकिन अुनको रोकने की कोशिश नहीं की जाती है। जंगलात के अंदर बकरियां जाती हैं तो अुन्हें पकडकर हर बकरी के पीछे दो रुपया जुर्माना किया जाता है लेकिन बकरियों को रोकने का अिंतजाम नहीं करते है। अैसे यदि होगा तो फिर जंगलात की हिफाजत कैसे होगी ? जंगलांत में बकरियां न आयें अिसके लिये अिंतजाम करना जरूरी है।

दूसरी बात आज जंगलात बडी तादाद में कट रहे हैं सरहा बरबादी हो रही है। लेकिन अिसको रोकने के लिये कुछ नहीं सोचा जा रहा है।

राजप्रमुख का अॅड्रेस याने पुराना गाना है। हरसाल राजप्रमुख आते हैं और वही अपना पुराना गाना गाते हैं। अुनके अॅड्रेस में कुछ भी नअी चीज नहीं रही है। आज भी मैंने देखा तो अेक भी नअी चीज मुझे नजर नहीं आअी। अिसमें अिस बात का जरा भी जिक्र नहीं है कि आअिंदा साल आप क्या काम करना चाहते हैं। और अुसके लिये कितना खर्चा आ सकता है। मैं तो समझता हूं कि राजप्रमुख का अॅड्रेस यह अेक रस्मी अदायी है अुसके सिवा और कुछ नहीं है।

* شری اناجی راؤ گوانے - مسٹر اسپیکر سر - کل سے راج پرمکھ کے اڈریس پر بحث ہو رہی ہے ......

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - اختصار کو ملحوظ رکھا جائے تو مناسب ہے تاکہ زیادہ ممبرس کو موقع ملسکے -

شری اناجی راؤ گوانے - میں اپنے امنڈمنٹس پر بحث کرتے ہوئے دوسرے آنریبل ممبرس کے امنڈمنٹس پر بھی اپنے خیالات کا اظہار کرونگا - جیسا کہ ابھی ایک آنریبل ممبر نے کہا میں نے بھی اس اڈریس کو غور سے پڑھا - دو مرتبہ پڑھا - لیکن اس میں یہ بات کہیں نظر نہ آئی کہ گورنمنٹ آئندہ سال عوام کی بھلائی کے لئے کیا کرنا چاھتی ہے - اپنی مشنری کی خرابیاں دور کرنے کےلئے وہ کیا قدم اٹھانا چاھتی ہے - ایسا کوئی انڈیکیشن (Indication) اس میں نہیں ملتا - اس میں مجھے سوائے مایوسی کے اور کوئی چیز نظر نہیں آتی - گورنمنٹ کیلئے ان باتوں کا ظاہر کرنا لازمی تھا - میں کہونگا کہ گورنمنٹ اپنے آپسی جھگڑوں کی وجہ سے عوام کی بھلائی کی کوئی اسکیم پیش نہ کرسکی - ایسی کوئی اسکیم ہی اسکے دماغ میں نہ آسکی - اسکے سوا کوئی اور بات نہیں - ایک معاملہ جس پر آپ اور ہم سب متفق ہیں وہ یہ ہے کہ ہم یہ توقع رکھ رہے تھے کہ اس میں عوام کی بھلائی کے کاموں کا انڈیکیشن ہوگا - گذشتہ سشن میں بھی گورنمنٹ کی مشنری سے کرپشن کو دور کرنے کے بارے میں سوالات کئے گئے تھے - یہ بتایا گیا تھا

که ایک بورڈ قائم کیا گیا ہے جس نے اپنی رپورٹ پیش کی ہے ۔ تین مہینوں سے اس رپورٹ پر غور ہو رہا ہے ۔ ہم سمجھ رہے تھے کہ اڈریس میں اسکا حوالہ ضرور آئیگا کہ آخر اس بارے میں کیا عمل ہوا ۔ آج بھی وہی چیز ہمارے سامنے آئی ہے کہ گورنمنٹ اس پر غور کررہی ہے۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ گورنمنٹ ان چیزوں کو اہمیت دینا نہیں چاہتی ۔ صرف یہ کہا جاتا ہے کہ ہمارے پاس لا اینڈ آرڈر ہے۔

Everything is O. K. on all fronts.

کوئی گڑبڑ نہیں ہے ۔ پورے کام برابر چل رہے ہیں ۔ پراجکٹس کے کام چل رہے ہیں ۔ لا اینڈآرڈر ایکٹ پاس ہوا ہے۔ ٹیننسی ایکٹ پاس ہوا ہے۔ یہ پرنسپلس رکھے گئے ہیں۔ وہ رکھے گئے ہیں ۔ یہ کہا جاتا ہے کہ ”لینڈ ٹودی ٹلر“ (Land to the tiller) کو ملحوظ رکھتے ہوئے ہمنے ٹیننسی ایکٹ پاس کیا ہے ۔ اور سیلنگ فکس (Fix) کرکے زمین حاصل کی جائیگی ۔ اسکو ری ڈسٹری بیوٹ (Redistribute) کرکے سوشیل جسٹس کیا جائیگا اور ان ایکوالٹی (Inequality) کو دور کیا جائیگا ۔ اسطرح ہماری ایگریرین اکانمی (Agrarian economy) درست ہوگی ۔ اس کے متعلق مجھے یہ کہنا ہے کہ گورنمنٹ نے جو قانون پاس کیا ہے اس میں لینڈ ٹودی ٹلر کے مفہوم کو ملحوظ نہیں رکھا گیا ہے ۔ ” زمین کسنے والے کو ہونا چاہئے “ اسبارے میں اپوزیشن کی جانب سے اور اوس جانب سے (گووونٹگ کے ذریعہ نہیں) اسپیچس کے ذریعہ اپنے خیالات کو ظاہر کرکے یہ بتلایا گیا کہ ہمارا لینڈ پرابلم اسطرح حل نہیں ہوسکتا ۔ اسکو نظر انداز کیا گیا ہے۔ آپ نے جو لینڈ ریفارمس پیش کئے ہیں اس سے بجائے اس کے کہ اگریرین اکانمی ٹھیک ہو اور خراب ہونے کے امکانات ہیں ۔ ریزمپشن (Resumption) کا اختیار اسطرح دیا گیا ہے کہ فراگمنٹیشن (Fragmentation) کوروکنے کی پالیسی کو قطعاً ملحوظ نہیں رکھا گیا ۔ اسطرح اگریرین اکانمی کو دھکا پہنچتا ہے ۔ ایک طرف تو آپ یہ کہتے ہیں کہ بیسک ہولڈنگ سے زیادہ فراگمنٹیشن نہونا چاہئے ۔ لیکن جب ریزمپشن کا وقت آتا ہے تو آپ اس کو ملحوظ نہیں رکھتے ۔ اور یہ کہتے ہیں کہ پروٹکٹڈ ٹیننٹ کے پاس ایک فیملی ہولڈنگ سے بھی کم زمین چھوڑ کر ریزمپشن کیا جاسکتا ہے ۔ کیا اس سے اگریرین پیاٹرن (Agrarian pattern) کو دھکا نہیں پہنچیگا ۔ اوس جانب کے بھی آنریبل ممبرس نے اس کو قبول کیا تھا کہ خواہ ٹیننٹ ہو یا مالک ایک فیملی ہولڈنگ سے کم زمین اسکے پاس نہ چھوڑنی چاہئے ۔ لیکن ایسا قانون پیش کیا گیا جسکی وجہ سے اگریرین اکانمی کو دھکا پہنچتا ہے ۔ بڑی شد و مد کے ساتھ کہا گیا کہ ہم ایوکشنس (Evictions) کو روکنے کے لئے یہ قانون پیش کر رہے ہیں ۔ ہمنے اس طرح ایوکشنس کو روکنے کی کوشش کی ہے ۔ لیکن میں اوس جانب کے آنریبل ممبرس سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس قانون کے پاس ہونے کے بعد کیا آپ ہی کے دیہاتوں میں بیدخلیاں نہیں ہو رہی ہیں ؟ ہر لینڈ لارڈ اس قانون سے خوش ہے کہ اب

وہ اطمینان سے اپنے ٹیننٹس کو بیدخل کرسکے گا ۔ کئی حیلے بہا نوں سے ٹیننس کو بیدخل کیا جا رہا ہے ۔ ان سے دستبرداریاں لیجا رہی ہیں ۔ یہ اس قانون کے نتیجے کے طور پر ہو رہا ہے ۔ اور یہ آپکے سامنے ہے ۔ ایسی حالت میں میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ اڈریس میں جو لینڈ ٹودی ٹلر کی پالیسی اور اگریرین اکانمی کو بہتر بنانے والے قانون کا ذکر کیا گیا ہے وہ کہاں تک صحیح ہے ۔ میں کہونگا کہ یہ بالکل غلط ہے ۔ اس اڈریس میں جو کہا گیا ہے اسکے نتائج آپ کے سامنے ہیں ۔ میں گورنمنٹ کی توجہ اس جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ اسمال پیزنٹری (Small peasantry) یا چھوٹے پٹہ دار کے تحفظ کے لئے کیا کیا گیا ہے ۔ آپ نے یہ کہا تھا کہ اگر کوئی لینڈ لارڈ پروٹکٹڈ ٹیننٹ سے زمین واپس لینا چاہے تو اسکے پاس کم از کم ایک فیملی ہولڈنگ زمین چھوڑنا چاہئے ۔ اس سے کم نہ چھوڑنا چاہئے ۔ لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آپ نے ایسا نہیں کیا ۔ اور ایسی صورت رکھی ہے جسکی وجہ سے سارے اگریکلچرل پیاٹرن کو دھکا پہنچتا ہے ۔ نقصان پہنچتا ہے ۔ مجھے یہ صاف طور پر کہنا ہے ۔

دوسری چیز جو اسکے ساتھ ساتھ عرض کرنا ہے وہ مرہٹواڑہ کے سلسلہ میں ہے ۔ بڑی صاف دلی اور صاف گوئی سے یہ کہا گیا کہ ہمیں افسوس ہے کہ فائیو ایر پلان میں مرہٹواڑہ کو جو حقوق ملنے چاہئے تھے وہ اسکو نہیں ملے ۔ جس لحاظ سے اسکو حصہ ملنا چاہئے تھا وہ نہیں ملا ۔ ساتھ ساتھ یہ بھی کہا گیا کہ پورنا پراجکٹ کو آئندہ پنج سالہ منصوبہ میں انکلوڈ (Include) کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ گذشتہ سال مرہٹواڑہ اسکیرسٹی ایریا ہونے کے باوجود ۱۰ لاکھ روپیہ بطور فنڈ دینے کے باوجود ، جس کا کہ پورا روپیہ بھی مرہٹواڑہ پر خرچ نہیں کیا گیا ۔ مرہٹواڑہ کو نظر انداز کیا گیا ۔ یہ گورنمنٹ کی نا انصافی ہے کہ ۱۰ لاکھ میں سے صرف کچھ لاکھ روپیہ نام کے طور پر ، دکھاوے کے طور پر خرچ کئے گئے ۔ یہ نا انصاقی کا نظریہ ہے ۔ ایسا میں صاف صاف کہنے کے لئے تیار ہوں ۔ اسکیرسٹی کی رقم سے کم از کم جو مائنر اسکیمس (Minor Schemes) مثلا بنڈنگ وغیرہ اور دیگر امپروومنٹس (Improvements) ہوسکتے تھے وہ بھی نہیں کئے گئے ۔ باوجود اسکے کہ ہمارا مطالبہ تھا ہمارا تقاضہ تھا ۔ یہ روپیہ بھی آپ دوسری طرف خرچ کرتے ہیں ۔ یہ کونسا انصاف ہے ۔ ممکن ہے یہ کہا جائے کہ ہمارے پاس پراونشل ایزم (Provincialism .) نہیں ہے تلنگانہ ۔ مرہٹواڑہ اور کرناٹک کو علحدہ کرکے نہیں سوچتے لیکن میں اسکا الزام اپنے سر پر لیکر یہ کہہ سکتا ہونگہ مرہٹواڑہ کے لئے کوئی اسکیم تیار نہیں کی جاتی اور مرہٹواڑہ کے ساتھ گورنمنٹ کا رویہ سوتیلا نہ ہے ۔ چنانچہ گذشتہ مرتبہ بھی ہم نے مرہٹواڑہ سے متعلق یہ زور دار مانگ کی تھی کہ پورنا پراجکٹ بنایا جائے اور اس وقت کے منسٹر نے بھی یہ وعدہ کیا تھا کہ جو ۲ لاکھ اس کے لئے دیئے جائینگے ۔ لیکن افسوس ہے کہ منسٹر جو الفاظ ہاؤز کے سامنے کہتے ہیں اس پر بھی عمل نہیں کیا جاتا ۔ آج ہمارے سامنے یہ

کہا جاتا ہے کہ نکسٹ فائیو ایر پلان (Next Five Year Plan) میں
ہم اسکو انکلوڈ کرنے والے ہیں - شائد یہ بتلانے کے لئے کہ مرہٹواڑہ میں پراجکٹس
کا کام شروع کیا گیا ہے مائنر پراجکٹس پر کام ہو رہا ہے لیکن مجھے معلوم ہوا
ہے کہ وہاں بھی جیسا چاھئے ویسا کام نہیں ہورہا ہے بلکہ مرہٹواڑہ کے لوگوں کے
آنسو پوچھنے کی کوشش کی جا رہی ہے -

مرہٹواڑہ میں پانی کی قلت کے تعلق سے بھی کئی مرتبہ کہا گیا - اور ضلع ضلع
سے یہ مطالبہ کیا گیا کہ مرہٹواڑہ میں پانی نہیں ہے وہاں پانی کے لئے کئی آدمی مر گئے
ہیں - مانوت سے جو کانگریسی ممبر چنکر آئے ہیں کیا وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ
جھوٹ ہے - کیا وہاں عورتیں باؤلی میں گر کر نہیں مریں - لیکن مرہٹواڑہ کے لئے
گورنمنٹ کی جانب سے کیا کیا گیا اور آئندہ کیا کیا جانے والا ہے اس کا آپ کے اڈریس
میں پتہ نہیں چلتا - مرہٹواڑہ کے پانچ اضلاع میں اسکیرسٹی ہونے کے باوجود بھی
گورنمنٹ کی جانب سے کیا کیا جانے والا ہے یا کیا کیا گیا اس میں کچھ بھی تذکرہ
نہیں ہے - اگر یہ حالات ہیں اور انکے باوجود یہ کہا جاتا ہے کہ نا انصافی نہیں ہوئی
حالانکہ در اصل نا انصافی ہوئی ہے تو یہ دھوکہ بازی ہے - خاص طور پر وہ آنریبل ممبر
جو مرہٹواڑہ سے چنکر آئے ہیں - جو آج ڈپٹی منسٹر ہیں - مرہٹواڑہ کی حدتک نا انصافی
ہو رہی ہے گو اسکو قبول کیا ہے لیکن اسکو دور کرنے کے لئے کیا کرنے والے ہیں
اس کا بھی کوئی انڈیکیشن نہیں ہے - اس پر کوئی لائٹ (Light) نہیں ہے
مجھے تو اندھیرا ھی اندھیرا نظر آتا ہے سوائے اسکے کچھ نہیں ہے -

تیسری چیز مجھے یہ کہنا ہے کہ اس اڈریس میں بہت ڈھونڈنے کے بعد بھی وطنداری
سسٹم ، جو ہماری ساری برائیوں کی جڑ ہے - جسکو آپ بھی مانتے ہیں اور ہم
بھی اور عدالتیں بھی ماننے لگی ہیں اس کے متعلق کچھ نہیں کیا گیا - جسطرح کہ
پہلے زمانہ میں یہ ہوتا تھا کہ فلاں ذات کا آدمی ہوتو ویسا ہوتا ہے - ویسا ھی
وطن دار آج ہیبیچویل افنڈرس کی تعریف میں آگئے ہیں انکو ختم کرنے کے لئے گورنمنٹ
کیا سوچ رہی ہے - آج ایکسال سے ہم اسکے بارے میں غورکر رہے ہیں - ہماری
پارٹیاں غورکر رہی ہیں لیکن اس پوری برائیوں کی جڑ وطنداری اور لوٹنے والے
وطندار جو کرپشن کی جڑ ہیں انکے ختم کرنے کے بارے میں ہم سمجھ رہے تھے کہ
اس اڈریس میں کوئی اشارہ ملیگا لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج حکومت
میں آنے کے بعد آپ اس پورے سسٹم کو بھی ختم کرنا نہیں چاہتے - جو طریقہ باپ دادا کے
زمانہ سے چلا آرہا ہے آپ اسکو دھکہ پہنچانا نہیں چاہتے - وطنداری کے ساتھ ساتھ
منصبداری کو بھی ہمارے سامنے لایا جائیگا - ہم سمجھے تھے کہ ایسا قدم اٹھایا جائیگا
جیسا کہ گذشتہ سال اٹھایا گیا تھا لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس سال کوئی قدم
اٹھانے والے نہیں ہیں - گورنمنٹ اور اودھر کے آنریبل ممبرس یہ جانتے ہیں کہ نہ صرف
انعامدار بلکہ منادر اور مساجد کے انعامدار بڑے بڑے انعام حاصل کرتے ہیں انکو
نیشنل ڈیولپمنٹس (National developments) کے لئے لے سکتے ہیں -

ٹاؤن کمیٹیز اور میونسپا لٹیز کے لئے اس رقم سے کچھ نہ کچھ کام کرسکتے ھیں کیونکہ ایسے انڈومنٹس (Endowments) حاصل کرنے والے اب کسی کام کے نہیں رھے ھیں بلکه وہ محض چین سے اپنی زندگی بسر کرنا اور عیش و آرام سے زندگی گزارنا ھی انکا مقصد ھوگیا ھے ۔ انکو ختم کرنے کے لئے گورنمنٹ کیا کرنے والی ھے یہ میں پوچھنا چاھتا ھوں ۔ یہاں اس اڈریس میں یہ چیز بھی نظر نہیں آتی ۔

